06.04.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......ضمیر رضوی

Music

☆ آسام، کیرالم اور پدوچیری اسمبلی انتخابات کیلئے کل تشہیری مہم کے آخری دن سے پہلے بڑے سیاسی رہنما اپنی پوری طاقت جھونک رہے ہیں۔

☆ مغربی بنگال اسمبلی کے پہلے مرحلے اور تمل ناڈو اسمبلی انتخابات کے واحد مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوگیا۔

☆ راجیہ سبھا چیئرمین سی پی رادھا کرشنن نے چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار کے مواخذے کی تحریک سے متعلق نوٹس کو مسترد کردیا ہے۔

☆ حکومت نے مغربی ایشیا کے تنازعے کے پس منظر میں ملک میں غذائی اجناس کی وافر مقدار میں دستیابی کی یقین دہانی کرائی ہے۔

☆ ریلویز نے سیفٹی اور بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کے مقصد سے ایک ہزار 300 کروڑ روپے لاگت کے پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ذریعے آبنائے ہرمز سے متعلق دی گئی مہلت کے درمیان اسرائیل نے ایران کے پیٹرو کیمیکل پلانٹ پر حملے کئے ہیں، جس سے مغربی ایشیا میں کشیدگی میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔

☆ اور Ulaanbaatar میں جاری ایشیائی باکسنگ چمپئن شپ میں پریتی پوار، پریہ اور ارون دَھتی نے فائنل میں پہنچ کر بھارت کیلئے سونے کے تمغے کی امیدوں میں اضافہ کردیا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے......

Campaigning Assembly Polls

سرکردہ سیاسی لیڈر، آسام، کیرالم اور پڈوچیری میں ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے آخری کوششوں میں مصروف ہیں کیونکہ دو ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم کا کل آخری دن ہے۔ آسام میں 126 سیٹوں، کیرالم میں 140 سیٹوں اور پڈوچیری میں 30 سیٹوں کیلئے جمعرات کو واحد مرحلے میں پولنگ ہوگی۔سینئر BJP لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج آسام کے بارپیٹا، Hojai اور ڈِبروگڑھ میں تین عوامی

جلسوں سے خطاب کیا۔ آج تیسرے پہر Hojai میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے اعادہ کیا کہ آسام کے ہر ضلع اور خطے کی ترقی اُن کی پارٹی اور نیشنل ڈیموکریٹک الائنس کیلئے اوّلین ترجیح ہے۔جناب مودی نے الزام لگایا کہ کانگریس کے اقتدار کے دوران آسام ترقی سے محروم رہا اور یہ کہ اس پارٹی نے بنیادی طور پر اپنے مفادات کیلئے کام کیا۔

S/B 2100 PM Modi on Dibrugarh Connectivity

اس سے قبل بارپیٹا میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ BJP کا عہد ملک کو ترقی یافتہ اور خودکفیل بنانا ہے۔ انھوں نے کہا کہ پچھلے دس سال میں آسام میں امن اور خوشحالی رہی ہے۔ اُدھر کانگریس نے بھی اپنی انتخابی مہم تیز کردی ہے۔ گواہاٹی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سینئر لیڈر کماری شیلجا نے یکساں سول کوڈ کے معاملے پر BJP کو نشانہ بنایا۔ انھوں نے الزام لگایا کہ الیکشن کے دوران اِس طرح کے معاملات اٹھانا، عوام کے مابین تقسیم پیدا کرنا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ان کی پارٹی سب کیلئے انصاف اور یکساں حقوق کی علمبردار ہے۔ آسام گن پریشد، آسام جاتیہ پریشد اور Raijor Dal سمیت دیگر سیاسی پارٹیوں نے بھی آسام میں اپنی انتخابی مہم تیز کردی ہے۔اسی دوران، تمل ناڈو میں واحد مرحلے کی پولنگ اور مغربی بنگال میں پہلے مرحلے کی ووٹنگ کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کام آج پورا ہوگیا۔ کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال کل کی جائے گی۔ امیدوار اپنے نام جمعرات تک واپس لے سکتے ہیں۔

Constituency Profile Kaliabor Assam

آسام میں تمام 126 قانون ساز اسمبلی حلقوں کیلئے واحد مرحلے میں پولنگ ہوگی۔ Kaliabor، نوگاؤں ضلع میں ایک غیر مخصوص سیٹ ہے، جو کازی رنگا لوک سبھا حلقے کے تحت آتی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ...

VC Aminul

75نمبر Kaliabor قانون ساز اسمبلی حلقہ، آسام کے 126 حلقوں میں سے ایک ہے، جہاں 9اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ Kaliabor، نوگاؤں ضلع میں ایک اہم حلقہ ہے اور یہ پہلے سے دیہی علاقہ ہے۔ حالیہ اسمبلی انتخابات میں یہاں 4امیدوار میدان میں ہیں۔ آسام گن پریشد کے کابینہ کے وزیر Kesab Mahanta، رائے جور دَل کے امیدوار پردیپ کمار Baruah کے خلاف چناؤ میدان میں ہیں۔ رائے جور دَل، کانگریس کے زیر قیادت اپوزیشن اتحاد کا شراکت دار ہے۔ میدان میں دیگر دو آزاد امیدوار ہیں۔ 2023 کی حلقوں کی حدبندی کی مشق کے بعد Kaliabor قانون ساز اسمبلی حلقے کی جغرافیائی حدود اور رائے دہندگان کی تعداد میں تبدیلی ہوئی ہے۔بھارت کے چناؤ کمیشن کے مطابق اِس حلقے میں ایک لاکھ 88ہزار سے زیادہ رائے دہندگان ہیں۔ اِن میں سے 93ہزار سے زیادہ مرد رائے دہندگان، 95ہزار سے زیادہ خواتین ووٹرس اور 6 مخنث ووٹر کے طور پر رجسٹرڈ ہیں۔ تمام 245پولنگ اسٹیشنوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔ 2021 کے اسمبلی انتخابات میں اِس سیٹ پر مجموعی طور سے چار امیدواروں نے چناؤ لڑا تھا۔

اہم امیدواروں میں AGP کے Kesab Mahanta، کانگریس کے پرسنتا کمار Saikia اور دیگر دو امیدوار شامل تھے۔ اِس سیٹ پر AGP کے امیدوار Kesab Mahanta کو جیت حاصل ہوئی تھی۔
Aminul کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں توحید حقانی

Puducherry Campaining

اب جبکہ انتخابی مہم کا کل اختتام ہو رہا ہے، پڈوچیری میں آج وسیع پیمانے پر انتخابی مہم کی سرگرمیاں دیکھنے میں آئی۔ سرکردہ لیڈر مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے میں جلسوں اور ریلیوں سے خطاب کر رہے ہیں۔ کانگریس لیڈر اور لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی، سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور DMK کے لیڈر اور تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن سمیت سرکردہ لیڈروں نے مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے میں آج انتخابی مہم کی قیادت کی۔
پیش ہے ایک رپورٹ......

VC Bibin Nath

اب جبکہ انتخابی مہم کیلئے ایک دن باقی ہے، پڈوچیری میں مختلف سیاسی لیڈروں کے ذریعے انتخابی وعدوں اور حکمرانی کے دعوؤں کے ساتھ بڑے پیمانے پر انتخابی مہم دیکھنے میں آئی۔ کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے Lawspet کے مقام پر ایک انتخابی مہم میں مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے کو مکمل ریاست بنانے کے وعدے کا اعادہ کیا۔ اُدھر BJP کے لیڈر امت شاہ نے Thirukkanur میں مرکز کے زیر انتظام علاقے کو نیلگوں معیشت ہب بنانے کا وعدہ کیا۔ دونوں لیڈروں نے اپنے حق میں رائے ووٹرس کی رائے حاصل کرنے کی غرض سے پارٹی کے انتخابی منشور میں شامل وعدوں کو پورا کرنے کا اعادہ کیا۔ DMK کے لیڈر اور تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن نے بھی انتخابی مہم میں حصہ لیا۔
انھوں نے مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے میں ایک اہم انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔ BJP اور کانگریس دونوں کی تنقید کرتے ہوئے Naam Tamilar katchi کے لیڈر Seeman نے انتخابی سیاست میں پیسے کا غلبہ ہونے پر تشویش کا اظہار کیا۔ انھوں نے زراعت کو نظر انداز کرنے کا الزام لگایا اور سوال کیا کہ بار بار کئے گئے وعدوں کے باوجود ریاستی درجے جیسے کلیدی معاملات ابھی تک حل کیوں نہیں کئے گئے ہیں۔ آل انڈیا NR کانگریس نے اسمبلی انتخابات سے قبل مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے کیلئے آج اپنا انتخابی منشور جاری کیا جس میں مرکز کے زیر انتظام علاقے کیلئے کلیدی وعدے اور ترقیاتی ایجنڈے کو اجاگر کیا گیا ہے۔اسی دوران انتخابی کمیشن نے انٹرنیٹ بینکنگ اور UPI پلیٹ فارمز کے ذریعے براہِ راست پیسے کی منتقلی سے ووٹروں پر اثر ڈالنے کی کوششوں کے بارے میں خبردار کیا ہے۔ کمیشن نے بتایا کہ انتخابی اخراجات میں مصروف بینکاری کے ادارے مشتبہ منتقلی پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں۔ کمیشن نے عوام سے کہا ہے کہ وہ جمع کی گئی کسی بھی طرح کی بینامی رقومات کے بارے میں ٹول فری نمبر ایک نو پانچ صفر یا c-VIGIL موبائل ایپلی کیشن پر رپورٹ کریں۔
پڈوچیری Bibin S Nath کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب عالم

Indian Army Dron System

بھارتی فوج نے آج نئی دلّی میں غیرانسان بردار فضائی نظام سے متعلق ٹیکنالوجی روڈ میپ پیش کیا۔ اس پہل کو غیرانسان بردار نظام کے شعبے میں بھارتی فوج کی ضرورتوں کو طویل مدتی بنیاد پر پورا کرنے کی سمت میں اہم قدم مانا جارہا ہے۔ بھارتی فوج نے بتایا کہ یہ پہل، شناخت شدہ ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی پر مبنی کوششوں کیلئے تحقیق اور ترقیاتی اداروں، تعلیمی برادری اور صنعتوں کو مربوط کرنے کی خاطر واضح اور قابلِ عمل روڈ میپ فراہم کرتی ہے۔ بھارتی فوج نے مزید کہا کہ یہ کارروائی جاتی ضرورتوں اور ٹیکنالوجی کی ترقی کے درمیان اہم پل کے طور پر بھی کام کرتی ہے تاکہ بھارت کے ڈرون ایکو نظام کے ڈھانچہ جاتی اور مانگ پر مبنی نقطۂ نظر کے مطابق ارتقاء کو یقینی بنایا جاسکے۔x

RS Chairman Rejects Motion

راجیہ سبھا چیئرمین سی پی رادھا کرشنن نے اپوزیشن اراکین کی جانب سے چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار کے مواخذے کیلئے تحریک سے متعلق نوٹس کو مسترد کردیا ہے۔ پارلیمانی بلیٹن کے ذریعے راجیہ سبھا سکریٹریٹ نے مطلع کیا کہ تحریک سے متعلق نوٹس پر غور و خوض اور اِس کے سبھی متعلقہ پہلوؤں اور معاملوں کا باریک بینی سے جائزہ لینے اور تجزیہ کرنے کے بعد راجیہ سبھا نے تحریک سے متعلق نوٹس کو داخل کرنے کی اجازت نہیں دی ہے۔ اِس سے پہلے اپوزیشن نے لوک سبھا اور راجیہ سبھا دونوں ایوانوں میں چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار کو اُن کے عہدے سے ہٹانے کیلئے مواخذے کی تحریک سے متعلق نوٹس داخل کئے تھے۔ اپوزیشن نے جناب گیانیش کمار پر متعصّبانہ رویہ اپنانے کا الزام لگایا تھا۔ دوسری جانب لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے بھی جناب گیانیش کمار کے مواخذے سے متعلق تحریک کے نوٹس کو مسترد کردیا ہے۔x

Summer Crop Data

ملک میں تین اپریل تک خریف کے سیزن کیلئے 58لاکھ ہیکٹر سے زیادہ رقبے پر تخم ریزی کی گئی ہے۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت نے بتایا کہ اِس سیزن میں خریف کی فصل کیلئے تخم ریزی میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ وزارت کے مطابق 30لاکھ ہیکٹر سے زیادہ رقبے پر چاول کی اور 8لاکھ ہیکٹر سے زیادہ رقبے پر دالوں کی تخم ریزی ہوئی ہے۔ دالوں کی تخم ریزی کے رقبے میں یہ گذشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے سات لاکھ ہیکٹر رقبے سے زیادہ کا ریکارڈ اضافہ ہے۔زراعت اور کسانوں کی بہبود کے محکمے کی جانب سے جاری کی گئی پیش رفت رپورٹ کے مطابق تقریباً 11لاکھ ہیکٹر رقبے پر شری اَنّ اور موٹے اناج کی تخم ریزی کی گئی ہے۔ وہیں تلہن کی تخم ریزی کا رقبہ سات اعشاریہ سات چار لاکھ ہیکٹر سے تجاوز کرگیا ہے۔x

Govt West Asia Brief

حکومت نے یقین دہانی کرائی کہ مغربی ایشیا جنگ کے دوران ملک میں غذائی اجناس کا اطمینان بخش

اسٹاک ہے۔ مغربی ایشیا میں حالیہ صورتحال سے متعلق بین وزارتی بریفنگ سے نئی دلّی میں خطاب کرتے ہوئے صارفین کے محکمے کے ایڈیشنل سکریٹری Anupam مشرا نے کہا کہ ضروری اشیا کی قیمتوں میں کسی طرح کا عدم استحکام نہیں ہے۔ خوراک اور عوامی نظام تقسیم کے محکمے کے سکریٹری C Shikha نے کہا کہ ملک میں گیہوں اور چاول دونوں کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔ بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی شاہراہوں کی وزارت میں ایڈیشنل سکریٹری مکیش منگل نے کہا کہ بھارتی جھنڈا بردار دو بحری جہاز Green Sanghvi اور گرین آشا نے، جو LPG لا رہے ہیں، پچھلے دو دنوں میں آبنائے ہرمز سے بحفاظت گزر چکے ہیں۔

S/B 2045 Final Mukesh Mangal

West Asia Conflict

مغربی ایشیا تنازعے نے مزید شدت اختیار کرلی ہے کیونکہ ایران نے عارضی جنگ بندی کی تجویزوں کو مسترد کردیا ہے۔ وہیں آبنائے ہرمز کھولنے سے متعلق آخری مدت کے پس منظر میں سفارتی کوششوں کے دوران اسرائیل نے ایران کے توانائی کے اہم بنیادی ڈھانچے پر تازہ حملے کئے ہیں۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق سینئر ایرانی افسر نے کہا ہے کہ ایران، عارضی جنگ بندی کے بدلے آبنائے ہرمز نہیں کھولے گا۔ انہوں نے دلیل دی کہ واشنگٹن، فروری کے مہینے میں شروع ہوئے تنازعے کے مستقل اور جامع خاتمے کیلئے مذاکرات کرنے کیلئے تیار نہیں ہے۔ ذرائع کے مطابق ایران، امریکہ کی نیت کو لے کر محتاط ہے اور دباؤ میں آ کر مذاکرات نہیں کرے گا۔

اِس دوران سفارتی چینلوں کے ذریعے 45دن کی جنگ بندی اور جہاز رانی کے انتہائی اہم روٹ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے سے متعلق تجویزیں گردش کررہی ہیں۔ اتوار کے روز واشنگٹن اور تہران دونوں کو بھیجی گئی تجویز کو ایران کے بنیادی ڈھانچے پر امریکہ کے وسیع تر حملوں کو ٹالنے کی آخری کوشش کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ یہ حملے آبی گزر گاہ کے بند رہنے کی صورت میں ہوسکتے ہیں۔

اِس دوران اسرائیل نے کہا ہے کہ اُس نے ایران کے توانائی کے جنوبی مرکز Asaluyeh میں واقع South Pars پیٹرو کیمیکل کمپلیکس پر حملے کئے ہیں۔ اسرائیل کے وزیرِ دفاع اسرائیل Katz نے بتایا کہ اسرائیل کی فوج نے Jam اور Damavand پیٹرو کیمیکل مراکز کو نشانہ بنایا ہے۔ Katz نے اِن مراکز کو ایران کی تقریباً آدھی پیٹرو کیمیکل پیداوار کیلئے اہم ترین اثاثوں سے تعبیر کیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

VC - Vinod Kumar

پورے مغربی ایشیا میں پچھلے کچھ گھنٹوں کے دوران کشیدگی میں مزید شدت آ گئی ہے حالانکہ تنازعے کو مزید پھیلنے سے روکنے کیلئے سفارتی کوششیں بھی جاری ہیں۔ اسرائیل نے کہا ہے کہ اُس نے Asaluyeh میں ایران کے بڑے پیٹرو کیمیکل بنیادی ڈھانچے پر حملہ کیا ہے اور ایران کی جانب سے تیل کی برآمد سے تعلق رکھنے والے اہم مراکز کو نشانہ بنایا ہے۔ اسرائیلی وزیرِ دفاع اسرائیل Katz نے کہا ہے کہ فوج کو پوری طاقت کے ساتھ ایران کے بنیادی ڈھانچے پر حملوں کو جاری رکھنے کا حکم دیا گیا ہے، جو کہ مزید حملوں کے امکان کا اشارہ دیتے ہیں۔

اِس دوران ایران نے عارضی جنگ بندی کے بدلے آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کی تجویزوں کو ٹھکرا دیا ہے۔ تہران نے کہا ہے کہ وہ قلیل مدتی انتظامات کو قبول نہیں کرے گا اور وہ دیرپا تصفیے کیلئے مذاکرات کی خاطر واشنگٹن کی نیت پر شکوک و شبہار کا اظہار کرتا ہے۔ یہ پیشرفت ایسے وقت میں ہوئی ہے، جب امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے پر زور دے رہے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے جہاز رانی کے راستے کے بحال نہ ہونے کی صورت میں ایران کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر بڑے حملوں کا انتباہ دیا ہے۔ 45دن کی جنگ بندی سے متعلق سفارتی تجاویز پر بھی تبادلۂ خیال جاری ہے تاہم دونوں فریقوں نے سخت رُخ اپنا رکھا ہے، جس سے پورے مغربی ایشیا میں کشیدگی کے مزید پھیلنے کا خطرہ اور بڑھ گیا ہے۔

نیوکلیائی توانائی کی بین الاقوامی ایجنسی، IAEA نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے بوشہر نیوکلیائی بجلی پلانٹ کے قریب فوجی سرگرمیوں کے جاری رہنے سے شدید تابکاری حادثات رونما ہوسکتے ہیں، جن کے مضر اثرات ایران کی سرحدوں کے پار بھی پڑسکتے ہیں۔ ایجنسی نے کہا کہ اتوار کے روز اِس مرکز کے قریب فضائی حملہ ہوا ہے، جس سے تنازعے کی شروعات کے بعد سے متاثرہ مرکز پر چوتھی مرتبہ اثر پڑا ہے۔ حکام نے تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ بوشہر پلانٹ کے قریب بار بار ہورہے اِن واقعات سے نیوکلیائی سیفٹی ایمرجنسی کا سنگین خطرہ لاحق ہوگیا ہے، جس کے وسیع تر علاقائی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔

دوبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب عالم

Railway Kawach

بھارتی ریلوے نے اپنے نیٹ ورک میں تحفظ، سگنلنگ اور مواصلاتی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کیلئے ایک ہزار 364 کروڑ روپئے کی مالیت کے کئی پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔ ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ منظور شدہ کاموں میں لوکوموٹیو میں Kawach اوپٹیکل فائبر نیٹ ورک کی توسیع اور مختلف ریلوے زون میں الیکٹرانک انٹرلوکنگ سسٹم کے ساتھ پینل انٹرلوکنگ سسٹم کی تبدیلی شامل ہے۔ بھارتی ریلوے نے مغربی ریلوے میں 232 لوکوموٹیو Kawach کیلئے 200 کروڑ روپئے کے آلات کی منظوری دی ہے۔x

Asia Boxing Championships

بھارتی مکے باز پریتی پوار نے پیرس اولمپکس میں کانسے کا تمغہ جیتنے والی کوریا کی کھلاڑی Aeji Im کو ہراکر فائنل میں جگہ بنا لی، جبکہ تجربہ کار نکہت زرین اور Lovlina Borgohain، منگولیا کے شہر Ulaanbaatar میں جاری ایشیائی باکسنگ چمپئن شپ سے آج باہر ہوگئی ہیں۔ پریہ اور ارون دَھتی چودھری نے بھی اپنے سیمی فائنل میں کامیابیاں حاصل کیں، جبکہ عالمی چمپئن شپ میں تمغہ حاصل کرنے والی پوجا رانی اور Ankushita Boro نے سیمی فائنلز میں ہارنے کے بعد کانسے کا تمغہ پر اکتفا کیا۔

ایشیائی کھیلوں میں کانسے کا تمغہ حاصل کرنے والی پریتی نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تینوں راؤنڈز میں Aeji Im کے خلاف برتری حاصل کی اور صفر کے مقابلے 5 سے کامیابی حاصل کی۔

اب وہ سونے کے تمغے کیلئے چینی Taipei کی تین بار کی عالمی چمپئن Huang Hsiao-wen کا سامنا

کریں گی۔خواتین کے 60 کلوگرام کے زمرے میں پریہ نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مقامی پسندیدہ Namuun Monkhor کو صفر کے مقابلے 5سے شکست دے کر فائنل میں اپنی جگہ پکی کرلی ہے۔ اب وہ ٹائٹل مقابلہ میں شمالی کوریا کی Un Gyong Won سے مقابلہ کریں گی۔ ارون دَھتی نے 70 کلوگرام سیمی فائنل میں ازبکستان کی Oysha Toirova کو ایک کے مقابلے چار سے شکست دے کر متاثر کن کارکردگی پیش کی۔ وہ فائنل میں قزاقستان کی Bakyt Seidish کا سامنا کریں گی۔ 48 کلوگرام میں عالمی چمپئن میناکشی Hooda اور 57 کلوگرام کے زمرے میں جاسمین Lamboria کل اپنے سیمی فائنلز میں حصہ لیں گی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆